SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# Press Release

**April 25, 2017**

***For immediate release***

**ایس ای سی پی کے زیر اہتمام سٹاک مارکیٹ ان سائڈر ٹریڈ نگ پر میڈیا ورکشاپ**

اسلام آباد (اپریل ۲۵) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے مارکیٹ میں ہونے والی مختلف ہیرا پھیریوں اور ان سائڈر ٹرید نگ کے حوالے سے آگاہی فراہم کرنے کے لئے صحافیوں کے لئے ورکشاپ منعقد کی۔

ایس ای سی پی کے صدر دفتر میں ہونے والی ورکشاپ میں ایس ای سی پی کے مارکیٹ سپر ویژن اور نگرانی کے محکمہ کے سنئیر افسران نے سٹاک مارکیٹ میں ہونے والی ہیرا پھیریوں اور ان کو پکڑنے اور ملوث افراد کے خلاف ایکش لینے کے بارے میں بریفنگ دی۔

مارکیٹ سپر ویژن محکمہ کے سربراہ یاسر منظور نے بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ ایس ای سی پی نے ان بروکر ہاوسز کے خلاف سخت کارروائی کی ہے جو کہ حصص کی خریداری اور فروخت کے لئے جعلی آڈر جاری کرنے کے ذمہ دار ہیں۔ یہ افراد اس طرح کے جعلی آڈر پلیس کر کے مارکیٹ میں مصنوعی اتار چڑھا کا تاثر دیتے اور منافع کماتے ہیں۔ ایس ای سی پی نے ایسے افراد اور بروکر ہاوسز کی کڑی نگرانی کی اور ان افراد کی نشاندہی کی اور ان پر سٹاک مارکیٹ میں لین دین پر پابندی عائد کرنے کے احکامات جاری کئے۔ اس کے علاوہ سکیورٹیز ایکٹ 2015 کے تحت بہت سے کیسوں میں باقاعدہ تحقیقات کا حکم بھی جاری کیا گیا۔

صحافیوں کو بتایا گیا کہ جنوری سے اب تک ان سائڈر ٹریڈ نگ میں ملوث افراد کے خلاف سات کرمینل کیس درج کئے گئے جبکہ دو ایسے کرمینل کیس درج کروائے گئے جہاں بینک کے ملازمین ان سائڈر تریڈ نگ میں ملوث پائے گئے۔ ورکشاپ میں صافیوں کو سٹاک مارکیت میں شفافیت پیدا کرنے اور سرمایہ کاروں کے حقوق کے تحفظ کے لیے کئے گئے اقدامات کے بارے میں بھی آگاہ کیا گیا۔